## شاہین صہبائی کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے گفتگو کے حوالے سے شائع ہونے والی رپورٹ میں بعض باتیں سیاق وسباق کے بغیر پیش کی گئی ہیں۔ترجمان ایم کیوایم

## یہ ایک غیر رسمی گفتگو تھی جس میں ملک کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا تھا اور اس گفتگو کا محور ملک کی سلامتی کو درپیش خطرات، جمہوریت کا مستقبل اور ملک میں قومی مفاہمت کی ضرورت تھا

لندن۔۔۔10مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے آج مورخہ 10 مارچ کے روزنامہ جنگ اور دی نیوز میں سینئر تجزیہ کار جناب شاہین صہبائی کی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے گفتگو کے حوالے سے شائع ہونے والی رپورٹ کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک غیر رسمی گفتگو تھی جس میں ملک کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا تھا اور اس گفتگو کا محور ملک کی سلامتی کو درپیش خطرات، جمہوریت کا مستقبل اور ملک میں قومی مفاہمت کی ضرورت تھا تاہم اس گفتگو کے بارے میں شائع ہونے والی رپورٹ میں بعض باتیں سیاق وسباق کے بغیر پیش کی گئی ہیں۔

## جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر نکلنے والے جلوسوں کی گزرگاہوں پر متحدہ قومی موومنٹ کے خصوصی انتظامات

## درجنوں استقبالیہ ومیڈیکل کیمپس اور شربت وپانی کی سبیلیں لگائی گئیں، شرکاء پر گل پاشی کی گئی

## علمائے کرام اور منتظمین نے جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے انتظامات کو سراہا

کراچی۔۔۔10مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جشن عید میلاد النبی ﷺ بھرپور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین اسمبلی، علماء کمیٹی، امن کمیٹیوں کے اراکین، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز کے علاوہ کارکنان وذمہ داران نے جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں نکالے جانے والے مرکزی جلوس اور مختلف علاقوں سے نکالے جانے والے جلوسوں میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں جلوسوں کی گزرگاہوں پر درجنوں استقبالیہ اور میڈیکل کیمپس، شربت اور پانی کی سبیلوں کا انعقاد کیا گیا اور جلوسوں کے شرکاء میں لنگر تقسیم کیا گیا۔میڈیکل کیمپوں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے علاوہ ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل اسٹاف کا عملہ بھی موجود تھا۔ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گئے استقبالیہ کیمپوں پر نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی جاتی رہیں جبکہ استقبالیہ کیمپوں پر خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ کے ماڈلز بھی رکھے گئے تھے جو لوگوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے رہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، سینیٹرز اور اراکین اسمبلی نے استقبالیہ کیمپوں سے جلوسوں کے شرکاء کا استقبال کیا اور ان پر پھول نچھاور کئے۔ایم کیوایم کی جانب سے نمائش چورنگی، نشتر پارک، دلپسند سوئٹ اور اللہ والا مارکیٹ پر 3 مرکزی کیمپ لگائے گئے تھے جہاں رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، انیس قائم خانی، ڈاکٹر نصرت، شکیل عمر، نیک محمد، شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، سینیٹرز طاہر مشہدی، علامہ عباس کمیلی، حسیب خان، بابر غوری، اراکین قومی اسمبلی وسیم اختر، رشید گوڈیل، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی مزمل قریشی، حق پرست ٹاؤن ناظمین واسع جلیل اور جاوید احمد نے مرکزی جلوس کے شرکاء کا استقبال کیا اور ان پر گل پاشی کی۔لیاقت آباد میں لگائے گئے استقبالیہ کیمپ پر حق پرست صوبائی وزراء فیصل سبزواری، خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، ناظم آباد گلبہار کے استقبالیہ کیمپ پر حق پرست صوبائی وزراء ڈاکٹر محمد علی شاہ، اراکین صوبائی اسمبلی ریحان ظفر، حنیف شیخ، حق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری، رنچھوڑ لائن کے استقبالیہ کیمپ پر حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، محمد طاہر، حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور، برنس روڈ سے نکلنے والے جلوس کے شرکاء کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے حق پرست صوبائی وزراء سردار احمد، عسکری تقوی، مقیم عالم، رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل، ملیر کے استقبالیہ سے جلوس کا استقبال حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، اراکین سندھ اسمبلی وسیم احمد، نثار پہنور، حق پرست ٹاؤن ناظم ندیم راضی، شاہ فیصل کالونی سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی، اراکین سندھ اسمبلی نشاط ضیاء، ندیم مقبول، حق پرست ٹاؤن ناظم ارتضٰی فاروقی، لانڈھی سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین، اراکین سندھ اسمبلی عامر معین، خالد افتخار، حق پرست ٹاؤن ناظم عمران، کورنگی سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست صوبائی وزیر خالد عمر، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ، رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن، حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان، نیو کراچی سے نکلنے والے جلوس کا استقبال حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، رکن سندھ اسمبلی عادل خان،

نارتھ کراچی سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، رکن سندھ اسمبلی معین خان، ٹاؤن ناظم ممتاز حمید، اورنگی ٹاؤن سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، اراکین صوبائی اسمبلی رضا حیدر، منظر امام، ٹاؤن ناظم عبدالحق، قصبہ علی گڑھ کالونی سے نکلنے والے جلوس کا یم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری، رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر، حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان اور فیڈرل بی ایریا سے نکلنے والے جلوس کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے استقبال حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، اراکین سندھ اسمبلی انور عالم، امام الدین شہزاد اور حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال نے کیا اور جلوسوں کے شرکاء کا زبردست خیر مقدم کیا اس موقع پر انہوں نے جلوسوں میں شرکت بھی کی اور علمائے کرام اور جلوسوں کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں۔ علمائے کرام اور جلوسون کے منتظمین نے ایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے انتظامات کو سراہا اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے کی جانے والی عملی کوششوں پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی کا جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر مختلف جماعتوں کے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور صوبائی وزراء اور مشیران شعیب احمد بخاری، رضا ہارون، عبدالحسیب اور ڈاکٹر صغیر احمد نے ایم اے جناح روڈ پر 12 ربیع الاول کے حوالے سے مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں اور مذہبی تنظیموں کی جانب سے لگائے گئے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا۔ وہ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ، میمن گجراتی کونسل، سنی تحریک، جماعت اہلسنت اور مصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ سمیت مختلف کیمپوں میں گئے اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین، متحدہ قومی موومنٹ اور اپنی جانب سے جشن عید میلاد النبیﷺ کی مبارکباد پیش کی اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔

## ڈپٹی اسپیکر شہلا رضا کا ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ کو دورہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سندھ اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر محترمہ شہلا ارضا نے منگل روز لیاقت آباد مین جشن عید میلاد النبیﷺ کے سلسلے میں ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کا جانب سے لگائے گئے اسقبالیہ کیمپ کا دورہ کیا۔ وہ کچھ دیر تک کیمپ میں رہیں اور وہاں وہ موجود ایم کیوایم کارکنوں اور ذمہ دراں کو جشن عید میلاد النبیﷺ کی مبارکباد دیتے ہوئے ان کے مذہبی جذبے اور نظم وضبط کو سراہا۔

## جشن عید میلاد النبیﷺ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے زیر اہتمام شاندار ریلی نکالی گئی

میر پور۔۔۔10، مارچ 2009ء

جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے زیر اہتمام میر پور میں شاندار ریلی نکالی گئی جسکی قیادت آزاد کشمیر کے وزیر سیاحت وثقافت اسپورٹس اور امور نوجوانان محمد طاہر کھوکھر نے کی۔ ریلی کے شرکاء نے عید میلاد النبیؐ کی مناسبت سے ہاتھوں میں سبز پرچم اٹھا رکھے تھے اور وہ درود وسلام کا ورد کر رہے تھے۔ ریلی آزاد کشمیر کے مرکزی آفس سے شروع ہوئی جو مختلف علاقوں اور راستوں سے ہوتی ہوئی مرکزی جامع مسجد مفتی عبدالحکیم پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، ریلی میں مرکزی میلاد کمیٹی کے عہدیداران مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام، دینی مدارس کے طلباء اور جید علمائے کرام کے علاوہ ایم کیوایم آزاد کشمیر کے عہدیداران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے رضا کاروں نے قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے ہمراہ حفاظتی انتظامات کر رکھے تھے۔

## حق پرست اقلیتی ارکان اسمبلی منوہر لعل اور اسٹیفن آصف کی جانب سے جشن عید میلاد النبی ﷺ کی مبارکباد

کراچی۔۔۔10، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لعل اور رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے مسلم امہ اور بالخصوص پاکستان کے مسلمانوں کو جشن عید میلاد النبی ﷺ کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ یہ مبارکباد انہوں نے گزشتہ روز عیسی نگری میں منعقدہ کارکنان کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دی۔ منوہر لعل اور اسٹیفن آصف نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے پر مکمل یقین رکھتی ہے اور بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب انسانیت کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام مذاہب کے لوگوں میں اخوت و پیار اور مذہبی رواداری کے فروغ کی کوششیں کررہی ہے اور جشن عید میلاد النبی ﷺ پر ہم اپنی مسلم برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔

## ڈسٹرکٹ میرپورخاص کے حق پرست ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر احمد کمالی کے والد انتقال کرگئے

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا ڈاکٹر ظفر کمالی سے اظہار تعزیت

میرپورخاص۔۔۔10 مارچ 2009ء

ڈسٹرکٹ میرپورخاص کے حق پرست ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر احمد کمالی حاجی یامین الدین کمالی طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔ وہ کافی عرصہ سے علیل تھے۔ حاجی یامین الدین کمالی مرحوم کو آج میرپورخاص کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ جنازے میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، رکن قومی اسمبلی صلاح الدین، میرپورخاص سے رکن سندھ اسمبلی، میرپورخاص کے تعلقہ ناظم غلام دستگیر خان، نائب تعلقہ ناظم، حق پرست یوسی ناظمین، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالرشید، ایم کیوایم میرپورخاص کے زونل انچارج، اراکین زونل کمیٹی، کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ تمام اراکین نے ڈاکٹر ظفر کمالی سے انکے والد کے انتقال پر تعزیت کی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر ظفر کمالی سے انکے والد حاجی یامین الدین کمالی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی یامین الدین مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کی مغفرت فرمائے۔ مزید برآں رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور ایم کیوایم میرپورخاص زون نے بھی ڈاکٹر ظفر کمالی سے ان کے والد کے انتقال پر دلی تعزیت کی ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ، لیاقت آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن محمد ادریس کے والد رحمت اللہ اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن محمد آصف کے والد محمد قمر الدین خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔

☆☆☆☆☆